زرعی یونیورسٹی فیصل آباد- دفتر چیف ہال وارڈن

اشتہار برائے نیلامی ناکارہ سامان

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر چیف ہال وارڈن میں موجود ناکارہ سامان جس کی تفصیل لف ہے اور جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دفتر ہذا میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے کا نیلام عام مورخہ 28-03-2022 بروز سوموار بوقت 10:00 بجے صبح چیف ہال وارڈن آفس میں کیا جائے گا۔ خواہشمند بولی دہندگان کے لئے مندرجہ ذیل شرائط وضوابط پر عمل کرنا لازمی ہے۔

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا ہوگی۔

2۔ بولی جیتنے کی صورت میں فائلر کے لئے 10% ٹیکس جبکہ نان فائلر کے لئے 20% ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا لازم ہوگا۔

3۔ بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ پچاس ہزار روپے جو کہ قابل واپسی ہیں، بطور زرضمانت جمع کروانا ہوں گے۔

4۔ بولی دہندگان کو بولی جیتنے کی صورت میں بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ نیلامی کمیٹی کو موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ آفیسر /مجاز اتھارٹی کی جانب سے بولی کی منظوری کے بعد بقیہ تمام رقم واجب ٹیکس تین دن کے اندر جمع کروا کے بولی شدہ سامان لے جانے کی اجازت ہوگی۔

5۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق یونیورسٹی ضبط کرلی جائے گی اور بولی شدہ سامان دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (بلند ترین بولی) پر بمطابق شرط نمبر 4 کے تحت حوالے کیا جائے گا۔

6۔ آفیسر /مجاز اتھارٹی کسی بھی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

7۔ تمام بولی دہندگان کے لئے کرونا وائرس سے بچاؤ سے متعلقہ تمام احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا لازمی ہوگا۔

نوٹ:۔ مذکورہ بالا تاریخ کو نیلامی /بولی کی ناکامی کی صورت میں دوبارہ بولی /نیلامی مورخہ 04-04-2022 کو بوقت 10:00 بجے صبح ہوگی۔

28/2/22

پروفیسر ڈاکٹر محمد جعفر جسکانی

پرنسپل آفیسر (ہاسٹلز)/ چیف ہال وارڈن